© rasailojaraid.com

الترغیب والترہیب کا ملخص اردو ترجمہ جلد اول از جناب مولوی عبداللہ الدہلوی۔
تقطیع متوسط، ضخامت ۴۳۲ صفحات، کتابت وطباعت بہتر، قیمت مجلد تیرہ روپیہ۔ پتہ: ندوۃ المصنفین۔ اُردو بازار۔ جامع مسجد دہلی۔

ترغیب وترہیب یعنی اعمال کے اجر وثواب اور اُن کے عقاب وعذاب پر جو کتابیں لکھی گئی ہیں اُن میں حافظ ذکی الدین عبدالعظیم المنذری کی کتاب سب سے زیادہ مشہور اور بعض وجوہ سے زیادہ وقیع اور مقبول بھی ہے یہ کتاب اسی کا ملخص ترجمہ ہے اور یہ کتاب کی جلد اول ہے جو نیت۔ کتاب العلم، کتاب الطہارۃ اور کتاب الصلوٰۃ پر مشتمل ہے لیکن ترجمہ کے ساتھ ہر روایت کی تشریح اور اُس پر کچھ کلام بھی ہے۔ پھر یہ ترجمہ مسلسل نہیں ہے۔ بلکہ احادیث صحیحہ کا انتخاب اور مکررات کو حذف کرکے اس کو مرتب کیا گیا ہے اس بنا پر یہ اردو اڈیشن اُن اسقام سے محفوظ ہے جو ترغیب وترہیب پر کتابوں کے خد وخال ہیں۔ ترجمہ کے علاوہ نوجوان مترجم نے ڈھائی سو صفحات کا ایک فاضلانہ مقدمہ بھی لکھا ہے جو ان کے ذوقِ تحقیق وکاوش اور وسعتِ مطالعہ وناقدانہ بصیرت کا آئینہ دار ہے، اس میں حافظ منذری کے حالات وسوانح۔ علمی اور عملی کمالات، ان کی کتاب اُس کے شروح اور تلخیصات اور تراجم وحواشی کا تعارف، اور فضائل ورذائل اعمال سے متعلق روایات کے باب میں محدثین کا رویہ، ان سب پر سیر حاصل گفتگو کرنے کے بعد دین میں سنت کا مقام، اُس پر بعض لوگوں کی طرف سے اعتراضات کے جوابات اور ممتاز محدثین کے تراجم وغیرہ پر دیدہ ورانہ بحث کی گئی ہے۔ دورانِ بحث میں لائق مترجم نے اُن بعض غلطیوں کی بجا طور پر تصحیح کردی ہے جو قصداً یا بلا قصد کے زمانۂ حال کے اکابر علماء ومصنفین سے صادر ہوگئی تھیں اسماء کے بارہ میں جہاں کہیں اختلاف تھا اُس کی تحقیق کرکے ایک شق کو معین کیا ہے، منذری نے خود اپنی کتاب کے جو ماخذ بیان کئے تھے، موصوف نے پوری کتاب کا تتبع کرکے ان ماخذ پر پچاس اور کتابوں کا اضافہ کیا ہے، علمی اور تحقیقی اعتبا

© rasailojaraid.com